مقیاس النبوت

فرید زمان پیر طریقت مناظر اعظم
ابو عبدالوہاب مولانا محمد عمر مدظلہ

جلد اوّل جلد دوم

المقیاس پبلشرز
۴- دربار مارکیٹ ○ لاہور

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر آئیگا سوالی حضرت امام مہدی علیہ السلام کے پاس تو کہے گا اے مہدی مجھے دے، اے مہدی مجھے دے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مہدی علیہ السلام اس کو اتنا عطا کرینگے، کہ جتنا وہ اپنی طاقت کے مطابق کپڑے کی گٹھڑی بنا کر اٹھا سکتا ہو۔

اس حدیث پاک سے بھی ثابت ہوا، کہ محمد مہدی شاہ صاحب لوگوں کو مال گٹھڑیاں باندھ باندھ کر لٹائیں گے، لیکن پھر بھی مانگت آپ کے زمانے میں اعطنی اعطنی سے سوال کرینگے۔ اور ان کے بعد زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہوگا،

"مرزائی" حضرت امام مہدی علیہ السلام کا زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پیشتر ہوگا؟

"محمد عمر" جی ہاں! حدیث پاک میں موجود ہے۔ سنیئے:۔

کنز العمال ۷/۱۸۸ یا عم النبی ان اللہ تعالٰی ابتدا الاسلام بی و سیختمہ بغلام من ولدک وھو الذی یتقدم عیسی ابن مریم۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے نبی کے چچے (عباس) اسلام میرے ساتھ شروع ہوا، اور عنقریب اس کو ختم کریگا تیری اولاد سے ایک لڑکا اور وہ وہ ہے جو عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے آئیگا۔

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا، حضرت امام محمد مہدی شاہ صاحب علیہ السلام بفرمان مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے دنیا میں ظاہر ہونگے۔

زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مالی حالت

بخاری شریف ۱/۴۰۹، ترمذی شریف ۲/۴۶، ابن ماجہ ۳۰۸، مشکوٰۃ شریف ۴۷۹، کنز العمال ۷/۲۰۲

ویفیض المال حتی لا یقبلہ احد۔

رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت